**معیار**: علمی وتحقیقی مجلّہ، شعبۂ اُردو، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، جلد:۱، شمارہ:۱، جنوری- جون ۲۰۰۹ء

# انیسویں صدی کا ایک اہم گمشدہ کتب خانہ

**ابرار عبد السلام***

تہذیب اور علم کا آپس میں گہرا رشتہ ہے۔ ہر مہذب اور متمدن قوم نے اپنی معاشرتی، تہذیبی، سیاسی اور مذہبی ترقی علوم کے زیر اثر کی۔ علم اور کتاب آپس میں لازم وملزوم رہے ہیں۔ دنیا کی تمام مہذب قوموں کا تعلق علم اور کتاب خانوں سے رہا ہے۔ ہر مہذب اور متمدن قوم نے اپنے اپنے دورِ عروج میں کتب خانوں کے قیام کی طرف توجہ کی۔ کتاب خانوں کی تاریخ ۴۰۰۰ سال سے زیادہ قدیم ہے۔ دنیا کی دوسری متمدن قوموں کی طرح مسلمانوں نے بھی کتب خانوں کے قیام کی طرف توجہ مبذول کی کیونکہ تہذیب وتمدن کے وجود اور بقا کے لیے کتب خانوں کے قیام کو ہمیشہ ہی ضروری سمجھا گیا ہے۔ اسلامی عہد میں کتب خانوں کا وجود پہلے پہل دورِ عباسیہ میں ہوا اور پھر تمام اسلامی ممالک میں کثرت سے کتابوں کی دکانیں پھیل گئیں۔ یعقوبی نے بغداد کا تذکرہ کرتے ہوئے صرف ایک محلّہ میں سو سے زائد دکانوں کا ذکر کیا ہے۔[۱] برعظیم میں بھی مسلم حکمرانوں نے ذاتی کتاب خانوں کے قیام کی طرف خصوصی توجہ دی۔ مغل حکمرانوں، یہاں تک کہ تیموری شہزادوں، شہزادیوں کے بھی اپنے اپنے ذاتی کتب خانے ہوتے تھے۔

مغل حکومت کا شیرازہ بکھرنے کے بعد قائم ہونے والی خود مختار ریاستوں کے سربراہان اور امرا نے مغلیہ حکومت کی اسی روش کو برقرار رکھا۔ شاہانِ اودھ کا ذوق وشوق ان سب میں سب سے زیادہ تھا۔ ان کے ذوقِ کتب کا اس قدر شہرہ تھا کہ جب بھی لکھنؤ میں کوئی نووارد آتا تو وہ اپنے ساتھ کوئی نہ کوئی اہم قلمی نسخہ لاتا، تاکہ اسے نواب کے حضور میں پیش کر کے انعام واکرام حاصل کرے۔ جب یہ آزاد وخود مختار ریاستیں تباہ وبرباد ہوتیں تو ان کے کتب خانے بھی برباد ہو جاتے اور لوٹ کا حصہ بنتے۔ ۱۸۵۷ء میں تو بہت سے کتب خانے مٹی میں مل گئے اور ان کتاب خانوں کو بڑی بے دردی سے لوٹا گیا۔ اس لوٹ میں اپنے بھی شریک تھے اور غیر بھی۔ غیروں میں دو مشہور نام اشپرنگر اور ایلیٹ کے ہیں۔ یہ دونوں افراد ہزاروں کی تعداد میں نایاب مخطوطات کو جرمنی اور انگلینڈ لے گئے۔[۲] مذکورہ بالا کتاب خانوں کے لٹنے سے ذاتی کتاب خانوں کو بھی نئی قوت فراہم ہوئی ہوگی۔ ذیل میں ایک ایسے ہی کتب خانے کا تعارف پیش کیا جاتا ہے۔

۱۸۰۶ء میں دہلی میں ایسٹ انڈیا کمپنی کے نظم ونسق اور عدالتوں کی تنظیم کے آغاز میں جن دو خاندانوں نے حکومت کی نظم ونسق کے قیام، استحکام میں مدد کی، ان میں پہلا خاندان قاضی القضاۃ قاضی نجم الدین کا کوروی کا ہے۔ یہ سب سے پہلے کلکتہ میں قاضی القضاۃ مقرر ہوئے۔ دوسرا خاندان مولانا فضل امام خیر آبادی کا ہے۔[۳] مولانا فضل امام، ان کے صاحب زادگان، دوسرے اعزا واحباب مختلف سرکاری عہدوں پر فائز رہے جس کی بدولت ان کو عزت، ناموری، مرفہ حالی اور فارغ البالی حاصل ہوئی۔ ذیل میں اس خاندان کے ان افراد کی فہرست

* اُستاد، شعبۂ اُردو، گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج، خانیوال

پیش کی جارہی ہے جو انگریزوں کی عمل داری میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہے۔

۱۔ مولانا فضل امام بن شیخ محمد ارشد فاروقی خیرآبادی (ف۱۲۴۴ھ): دہلی میں مفتی عدالت اور بعدازاں صدرالصدور ہوئے۔ رشوت کے الزام میں ملازمت سے برطرف ہوئے۔ کچھ دنوں ریاست پٹیالہ سے وابستہ رہے۔

۲۔ مولوی محمد صالح بن شیخ محمد ارشد خیرآبادی: مولانا فضل امام کے چھوٹے بھائی، سرکاری اخبارنویس، اکثر راجپوتانہ میں فرائض منصبی ادا کیے۔

۳۔ مولانا فضل الرحمٰن بن مولانا فضل امام خیرآبادی: ریاست پٹیالہ میں اعلیٰ منصب پر رہے۔ ان کے دو بیٹے مولوی فضل حکیم اور فضل علیم تھے۔ فضل حکیم کے بیٹے خان بہادر فضل متین سیشن جج پٹیالہ تھے

۴۔ ولوی منشی فضل عظیم بن مولانا فضل امام خیرآبادی: ولیم فریزر کے خاص معتمد و منشی رہے اس لیے منشی فضل عظیم مشہور ہوئے۔ جنگ گورکھاں میں خدمات انجام دیں۔ تحصیلدار اور ڈپٹی کلکٹر کے عہدوں پر فائز رہے۔

۵۔ مولانا فضل حق بن مولانا فضل امام خیرآبادی: سررشتہ دار عدالت دیوانی (ریزیڈنسی دہلی)

۶۔ منشی کرم احمد بن فضل احمد بن احمد حسین: جنرل آکٹرلونی کے منشی اور سرکاری اخبارنویس رہے۔ بعدازاں امجد علی شاہ کے وزیر نواب شرف الدولہ محمد ابراہیم کے میر منشی مقرر ہوئے۔

۷۔ برکت علی خان: مولانا فضل امام خیرآبادی کے حقیقی بھانجے جنرل آکٹرلونی کے میر منشی، مختلف خدمات پر مامور رہے۔

۸۔ الٰہی بخش نازش ولد محمد صالح (ف ۱۲۸۹ھ): وکیل ریاست ٹونک (دراجمیر ایجنسی و میواڑ)

۹۔ تفضّل حسین بن محفوظ علی خان: مولانا فضل امام خیرآبادی کی بھانجی کے فرزند (ف ۱۲۷۰ھ) جنرل آکٹرلونی کے یہاں بحیثیت وکیل یاست ٹونک رہے۔

۱۰۔ احمد بخش خیرآبادی: اخبارنویس کشن گڑھ منجانب سرکار

۱۱۔ مولوی قادر بخش خیرآبادی: عدالت فوجداری پٹیالہ میں صدرالصدور تھے۔

۱۲۔ مولوی غلام قادر گوپاموی (سبط مولانا فضل امام) ناظر سررشتہ دار عدالت دیوانی و تحصیل دار گوڑگانوں ۴

درج بالا فہرست سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ مولانا فضل امام کا خاندان ایسٹ انڈیا کمپنی کی حکومت میں کس درجہ دخیل تھا۔ اس خاندان کے ایک رکن منشی کرم احمد بھی ہیں۔ منشی کرم احمد، فضل احمد بن احمد حسین بن محمد ارشد ۵ (والد ماجد مولوی فضل امام) کے بیٹے تھے۔ وہ نواب شرف الدولہ محمد ابراہیم خان ۶ وزیر امجد علی شاہ ۷ کے میر منشی تھے۔ اس سے قبل وہ دہلی ریزیڈنسی کی طرف خدمات سرانجام دے چکے تھے۔ اور سر آکٹرلونی ۸ کے منشی رہ چکے تھے۔ انگریزی دور ملازمت میں سر آکٹرلونی ان کی بڑی قدر و منزلت کرتے تھے۔ ۱۸۱۹ء میں منشی کرم احمد ویلدر کی نگرانی میں جودھپور میں خبریں دینے پر مامور تھے۔ ۹ جب جنرل آکٹرلونی دہلی کے ریزیڈنٹ بن کر گئے تو انھوں نے ویلدر ۱۰ کو لکھا کہ منشی کرم احمد کو فوراً ان کے پاس بھیج دیا جائے۔ ۱۱

منشی کرم احمد نے اپنی صلاحیتوں کی بنا پر جنرل آکٹرلونی کی خاص قربت حاصل کر لی تھی۔ جنرل آکٹرلونی تک پہنچنے اور ان کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے منشی کرم احمد کا سہارا لینا پڑتا تھا۔ سلطنت الور کی تخت نشینی کے سلسلے میں بنے سنگھ اور بلونت سنگھ کے درمیان جو چپقلش چلی اس میں جنرل آکٹرلونی کی حمایت حاصل کرنے کے لیے بنے سنگھ کا ایک حامی راموں خواص دہلی آکر منشی کرم احمد سے ملا اور تین لاکھ روپے کے عوض جنرل آکٹرلونی کی حمایت حاصل کی۔ منشی کرم احمد نے کوشش کر کے جنرل آکٹرلونی سے یہ اجازت حاصل کر لی کہ بلونت

سنگھ کے حامیوں کوالور بدر کر دیا جائے۔۱۲؎

ذیل میں انیسویں صدی کے ایک ذاتی کتب خانے کی فہرست پیش کی جا رہی ہے ۔ یہ فہرست International Institute of Islamic civilization and thought کوالالامپور (ملیشیا) کے کتب خانے کے ذخیرہ عبدالرحمٰن بارکر میں محفوظ ہے۔اس کتب خانے میں ایک اہم ''مجموعہ دستاویزات ومکتوبات'' بھی موجود ہے۔یہ مجموعہ دراصل دستاویزات ومکتوبات کا نہایت اہم مجموعہ ہے۔جس میں فارسی وارد ومکاتیب اورسرکاری دستاویزات ومعاہدات کو یکجا کیا گیا ہے۔مرتب کا نام موجود نہیں ۔اسی مجموعے میں منشی کرم احمد کے ذاتی کتب خانے کی فہرست بھی ورق ۱۸۲الف تا ۱۸۹ب میں شامل ہے۔۱۳؎

یہ مجموعہ عبدالرحمٰن بارکر کے ذخیرہ کتب کے ساتھ ملائشیا پہنچا۔یہ فہرست کس کی مکتوبہ ہے، یہ معلوم نہیں ہو سکا لیکن یہ یقین سے کہا جا سکتا ہے کہ یہ فہرست منشی کرم احمد کے ہاتھ کی لکھی ہوئی نہیں۔اس کی شہادت فہرست کا یہ عنوان ہے۔''فہرست کتب موجودہ کتب خانہ جناب مولوی منشی حافظ کرم احمد صاحب دام اقبالہ مرقوم پانزدہم شہر ذی قعدہ ۱۲۶۵ھجری مقدسہ'' اس عنوان میں'' جناب مولوی منشی حافظ کرم احمد صاحب دام اقبالہ'' کی عبارت سے واضح ہو جاتا ہے کہ لکھنے والا منشی کرم احمد نہیں بلکہ کوئی اور ہے۔فہرست عنوان سے یہ معلوم بھی ہوتا ہے کہ کتب خانے کی یہ فہرست ۱۵ذی قعدہ ۱۲۶۵ھ مطابق ۲،اکتوبر ۱۸۴۹ءکو ترتیب دی گئی۔

اس فہرست میں چھ سو سے زائد عربی، فارسی، اردو اور انگریزی کتب کا اندراج ہے جن میں زیادہ تر قلمی ہیں۔کتب کی تقسیم ۱۹ عنوانات کے تحت کی گئی ہے اور ہر عنوان کے ساتھ رمز یہ ارقام ہندی میں جلدوں کی تعداد بھی لکھی گئی ہے۔واضح رہے کہ یہ تعداد صرف جلدوں کی ہے، کتابوں کی نہیں۔بعض جلدیں ایسی بھی ہیں جن میں ایک سے زائد کتابیں جڑی ہوئی ہیں۔فہرست میں کتب کا اندراج درج ذیل عنوانات کے تحت کیا گیا ہے۔

۱۔ علم تفسیر ومتعلقات آں
۲۔ علم حدیث ومتعلقات آں
۳۔ علم اصول فقہ
۴۔ علم فقہ
۵۔ علم کلام وعقائد
۶۔ علم حکمت وفلسفہ
۷۔ علم منطق ومیزان
۸۔ علم ریاضی
۹۔ علم لغت عربی وفارسی
۱۰۔ علم طب
۱۱۔ علم معانی وبیان وفن وادب
۱۲۔ علم حساب وفرائض
۱۳۔ علم عروض وقافیہ وعلم مناظرہ

۱۴۔ علم تصوف
۱۵۔ علم قرات وتجوید
۱۶۔ کتب سیر وتواریخ واخلاق
۱۷۔ علم صرف
۱۸۔ علم نحو
۱۹۔ کتب فارسی واردو

فہرست میں کتابوں کے اندراج میں خیال رکھا گیا ہے کہ جو کتاب دوسری یا تیسری مرتبہ درج ہو رہی ہو یعنی جس کتاب کے ایک سے زائد نسخے ہوں، اس سے پہلے ''دفعہ'' کا لفظ لکھ دیا گیا ہے۔ تا کہ معلوم ہو سکے کہ فہرست میں اس سے قبل بھی اس نسخے کا اندراج ہو چکا ہے۔ فہرست میں کتابوں کے اندراج میں یہ خیال رکھا گیا ہے کہ جو کتاب دوسری یا تیسری مرتبہ درج ہو رہی ہو یعنی جس کتاب کے ایک سے زائد نسخے ہوں، اس سے پہلے ''دفعہ'' کا لفظ لکھ دیا گیا ہے۔ تا کہ معلوم ہو سکے کہ فہرست میں اس سے قبل بھی اس نسخے کا اندراج ہو چکا ہے۔ اس فہرست میں بہت سی کتب ایسی بھی ہیں جو ان کے معاصرین کی کاوش فکر کا نتیجہ ہیں۔

مولوی فضل امام کے خاندان کا ایک فرد ہونے کی بنا پر منشی کرم احمد کے کتب خانے میں کئی کتب ایسی ہیں جو فضل امام کی تصنیف ہیں۔ مولوی فضل امام کی تصانیف میں (۱) ترجمہ اتقان بزبان فارسی (۲) تلخیص الشفا (۳) حاشیہ میر زاہد جلالی (۴) حاشیہ میر زاہد رسالہ (۵) حاشیہ بر شرح سلم قاضی مبارک (۶) تفصیل (۷) شرح ابیات تفصیل (۸) خلاصہ تاریخ ابن خلقان (۹) نخبۃ السر (۱۰) اور تعلیم المبتدئین شامل ہیں۔ عبدالشاہد خان شروانی اور مفتی انتظام اللہ شہابی نے نشاندہی کی ہے کہ حاشیہ میر زاہد رسالہ امانت علی خورجوی کا لکھا ہوا اور تلخیص الشفا مکتوبہ مصنف لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڑھ کے نوادر قلمی میں، نخبۃ السر، کتب خانہ صاحب زادہ عبیداللہ خان رئیس ٹونک میں، حاشیہ افق المبین کتب خانہ مفتی انتظام اللہ شہابی میں اور آمد نامہ کتب خانہ سید ولایت احمد سجادہ نشین قلندریہ لاہر پور میں موجود ہے۔ (۱۴) مولانا فضل حق خیر آبادی کی تمام تصانیف سوائے ایک دو کے غیر مطبوعہ ہیں اور گردش زمانہ کے باعث گوشۂ گمنامی کی نذر ہو چکی ہیں۔ منشی کرم احمد کا کتب خانہ نوادرات سے پُر تھا لیکن اب وہ تصانیف کہاں گئیں کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ ذیل میں اس کتب خانے کی فہرست پیش کی جا رہی ہے جس کا عکس مائیکروفلم مخزونہ کتب خانۂ ڈاکٹر معین الدین عقیل سے حاصل کیا گیا ہے۔

**فہرست کتب موجودہ کتب خانہ مولوی منشی حافظ کرم احمد صاحب دام اقبالہ مرقوم پانزدہم شہر ذی قعدہ ۱۲۶۵ ہجری مقدسہ**

## کتب عربی

### علم تفسیر ومتعلقات آں ۲۴ جلدیں

(۱) مصحف مجید، تہ طلا، بخط کشمیر، یک جلد (۲) مصحف مجید سیپارہ علاحدہ یک جلد

(۳) مصحف مجید، مترجم بترجمہ فارسی و اردو، طبع لکھنؤ، دو جلد
(۴) تفسیر بیضاوی تمام و کامل قلمی یک جلد
(۵) پارہ بیضاوی از سورہ فاتحہ تا سورہ نساء، قلمی، یک جلد
(۶) حاشیہ ملاعصام بر بیضاوی قلم یک جلد
(۷) حاشیہ ملا عبد الحکیم لاہوری بر بیضاوی، ناتمام، قلمی، یک جلد
(۸) تفسیر جلالین طبع کلکتہ یک جلد
(۹)....سورہ مصحف مجید، بخط کشمیر، یک جلد
(۱۰) تفسیر زاہدی بزبان فارسی قلمی دو جلد
(۱۱) تفسیر حسینی، بخط کشمیر، مُطلاّ و مذہّب، یک جلد
(۱۲) اتقان فی علوم القرآن قلمی یک جلد
(۱۳) ترجمہ اتقان بزبان فارسی، تصنیف مولوی فضل امام صاحب مرحوم، قلمی، یک جلد
(۱۴) کتاب التبیان فی اعراب القرآن قلمی یک جلد
(۱۵) رسالہ فوز الکبیر فی اصول التفسیر، مصنفہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، طبع کلکتہ، یک جلد
(۱۶) تفسیر سہ سیپارہ در نظم بزبان فارسی قلمی یک جلد
(۱۷) تفسیر آیات مصحف مجید و شان نزول، قلمی، یک جلد
(۱۸) تفسیر سورہ یوسف بزبان فارسی قلمی یک جلد
(۱۹) انجیل عربی، طبع کلکتہ، یک کلکتہ (یک جلد؟)
(۲۰) دفعہ انجیل عربی منسوب بمتی طبع کلکتہ یک جلد
(۲۱) نصف اخیر کلام اللہ، بخط بہاری، یک جلد
(۲۲) رسالہ رسم الخط بزبان فارسی مسمّٰی بدرۃ الفرید فی التجوید یک جلد

## علم حدیث و متعلقات آن　۲۶ جلدیں

(۱) صحیح بخاری بخط الامیر تمام۔۔معرب، بے نظیر
(۲) صحیح مسلم مع شرح نواوتمام و کمال خوش خط طبع محمدی دہلی یک جلد
(۳) سنن ابی داؤد، خوش خط و محشی، طبع دہلی، یک جلد
(۴) صحیح بخاری نصف اول بخط عربی یک جلد
(۵) دفعہ صحیح بخاری دہ سیپارہ اوس، بخط کشمیر، یک جلد
(۶) دفعہ صحیح بخاری ربع اول یک جلد
(۷) صحیح مسلم تمام، بخط نسخ، قلمی، یک جلد
(۸) سنن ابی داؤد طبع لکھنؤ یک جلد
(۹) مشارق الانوار، صغانی، محشی، قلمی، یک جلد
(۱۰) حصن حصین بخط نسخ قلمی یک جلد
(۱۱) ترجمہ فارسی مسکات (کذا) شریف، از شیخ عبد الحق محدث دہلوی، طبع کلکتہ، چار جلد
(۱۲) شرح سفر السعادت از شیخ عبد الحق محدث طبع کلکتہ یک جلد
(۱۳) ترجمہ ہندی مشارق الانوار صغانی، طبع لکھنؤ، یک جلد
(۱۴) بلوغ المرام طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۵) شمایل ترمذی، بخط نسخ، محشی، قلمی، یک جلد
(۱۶) شرح شمایل ترمذی از ملا علی قاری قلمی یک جلد
(۱۷) شرح شمایل ترمذی بزبان اردو، طبع کلکتہ، یک جلد
(۱۸) فتح المنان فی اثبات مذہب النعمان از شیخ عبد الحق محدث دہلی قلمی یک جلد
(۱۹) مشارق الانوار القدسیہ فی بیان العہو دالمحمد یہ، از شیخ عبد الوہاب شعرانی، قلمی، یک جلد
(۲۰) تقریب التہذیب فی اسماء الرجال قلمی یک جلد

(۲۱) شرح درود کبریت احمر، از ملا کمال الدین سہانی، بزبان فارسی، قلمی، یک جلد
(۲۲) نہایۃ جزری لغت حدیث قلمی یک جلد
(۲۳) دفعہ صحیح بخاری، نسخ، تمام وکمال، مطبوعہ بمبئی (؟)، مجلد، یک جلد

## علم اصول فقہ ۲۱ جلدیں

(۱) عضدی شرح مختصر الاصول، بخط بہاری، یک جلد
(۲) دفعہ عضدی شرح مختصر الاصول بخط نسخ قلمی یک جلد
(۳) حاشیہ ابہری بر عضدی شرح مختصر الاصول، یک جلد
(۴) مسودہ حاشیہ (؟) حافظ امان اللہ بنارسی بر شرح مختصر الاصول بخط یک جلد
(۵) غایۃ التحقیق شرح جامی، بخط نسخ، قلمی، یک جلد
(۶) توضیح بخط نسخ قلمی یک جلد
(۷) تلویح شرح توضیح، قلمی، یک جلد
(۸) متن حسامی بخط ثلث قلمی محشی یک جلد
(۹) نور الانوار شرح منار، طبع کلکتہ، یک جلد
(۱۰) دایر الوصول شرح منار الاصول قلمی یک جلد
(۱۱) مجموعہ متن شاشی و دایر الوصول شرح منار الاصول، طبع کلکتہ، یک جلد
(۱۲) حاشیہ سید شریف بر عضدی شرح مختصر الاصول قلمی یک جلد
(۱۳) حاشیہ وجیہہ الدین بر عضدی و شرح الشرح و حاشیہ سید شریف قلمی یک جلد
(۱۴) تیسیر فی شرح التحریر یک جلد
(۱۵) مجموعہ مسلم الثبوت مع منہیات قلمی یک جلد
(۱۶) شرح مسلم مصنفہ مولانا نظام الدین تا آخر تصنیف قلمی یک جلد
(۱۷) دفعہ شرح مسلم مولانا نظام الدین از اول تا مسائل الظر وف قلمی یک جلد
(۱۸) دفعہ شرح مسلم مولانا نظام الدین از مسائل الظر وف تا آخر مقالات مبادی قلمی یک جلد
(۱۹) کشف الاسرار شرح منار از مصنف رحمۃ اللہ علیہ از اول تا باب بیان اقسام السّنہ قریب نصف یک جلد
(۲۰) شرح منار الاصول از ملا علی قاری تمام قلمی یک جلد
(۲۱) منہیات مسلم الثبوت و تعلیقات مولوی برکت الہ آبادی بر مسلم و منہیات ان قلمی یک جلد

## علم فقہ ۱۴۱ جلدیں

(۱) جلدیں اخیر یں ہدایہ بخط نسخ قلمی یک جلد
(۲) ہدایہ مع الکفایہ طبع کلکتہ للعہ جلد
(۳) دفعہ جلد ثانی ہدایہ بخط نسخ قلمی یک جلد
(۴) ترجمہ فارسی ہدایہ طبع کلکتہ للعہ جلد
(۵) پارہ فتح القدیر حاشیہ ہدایہ از باب العتق علی جعل تا آخر تالیف قلمی یک جلد
(۶) دفعہ پارہ فتح القدیر حاشیہ ہدایہ از باب رجعۃ تا کتاب السیر قلمی یک جلد
(۷) جلد ثانی عنایہ شرح ہدایہ طبع کلکتہ یک جلد
(۸) حاشیہ الہداد بر جلدیں اخیر یں ہدایہ قلمی یک جلد
(۹) پارہ نہایہ حاشیہ ہدایہ قلمی یک جلد
(۱۰) شرح وقایہ قلمی بخط نسخ یک جلد
(۱۱) دفعہ جلدیں اولین شرح وقایہ طبع کلکتہ یک جلد
(۱۲)....حاشیہ شرح وقایہ تمام طبع کلکتہ یک جلد

(۱۳) رسالۂ فی الصلوۃ از نعمت اللہ یک جلد
(۱۴) وقایہ الروایہ محشی قلمی یک جلد
(۱۵) مختصر وقایہ محشی قلمی یک جلد
(۱۶) حاشیہ ملا عصام الدین برشرح وقایہ ناتمام قلمی یک جلد
(۱۷) فتاویٰ سراجیہ طبع کلکتہ یک جلد
(۱۸) دفعہ فتاویٰ سراجیہ قلمی یک جلد
(۱۹) فتاویٰ..... تمام طبع کلکتہ یک جلد
(۲۰) نصاب الاحتساب قلمی یک جلد
(۲۱) مجموعہ منہاج الطالبین فقہ امام شافعی قلمی مع دیگر رسائل یک جلد
(۲۲) جلد اول فتاویٰ عالمگیریہ طبع کلکتہ یک جلد
(۲۳) جلد ثانی فتاویٰ عالمگیریہ کلکتہ یک جلد
(۲۴) اختیار فی مسائل الحدود والقصاص طبع کلکتہ یک جلد
(۲۵) مجموعہ جامع التعزیرات وترجمہ آن بزبان فارسی طبع کلکتہ یک جلد
(۲۶) مجموعہ ترجمہ کتاب الجنایات ورسالہ تعزیرات وغیرہ طبع کلکتہ یک جلد
(۲۷) فتاویٰ دُرِمختار تمام طبع کلکتہ یک جلد
(۲۸) منیۃ المصلی تمام قلمی یک جلد
(۲۹) پارہ ہدایہ قلمی یک جلد
(۳۰) مجموعہ نصاب الاحتساب وفتاویٰ دستور القضاۃ وفتاوی زینیہ ورسالہ مایہ المسائل طبع کلکتہ یک جلد
(۳۱) مجموعہ رسالہ ہا در وجوب نماز جمعہ وغیرہ قلمی یک جلد
(۳۲) کتاب استفتا ہا وجوابات آں قلمی یک جلد
(۳۳) مجموعہ متن مختار وشرح کیدانی قلمی یک جلد
(۳۴) دفعہ مجموعہ ترجمہ کتاب الجنایات عالمگیریہ قلمی یک جلد
(۳۵) مجموعہ فقہ اکبر ووصیت نامہ ومالا بدمنہ وحققۃ الاسلام واربعین واشاعۃ الجمعہ ورسالہ آداب الحرمین وعجالہ وقیقہ فی مسائل العقیقہ ورسالہ خضاب ورسالہ دعائیہ ورسالہ طُہر متخلل ورسالہ تراویح ورسالہ نکاح ورسالہ مسائل عیدین ورسالہ سبیل النجاح جملہ طبع لکھنؤ۔

**علم کلام وعقائد ۳۹ جلدیں**

(۱) نصف اول شرح مواقف بخط نسخ قلمی یک جلد
(۲) اربعین فی علم الکلام تصنیف امام رازی علیہ رحمہ قلمی یک جلد
(۳) مجموعہ شرح عقاید جلالی وامور عامہ شرح طوالع قلمی یک جلد
(۴) دفعہ مجموعہ شرح عقاید جلالی وشرح عقاید نسفی وخیالی براں وحاشیہ خطیب برشرح عقاید جلالی قلمی یک جلد
(۵) دفعہ شرح عقاید جلالی مع حاشیہ ملا کمال الدین سہانی قلمی یک جلد
(۶) حاشیہ ملا کمال الدین برشرح عقاید جلالی بخط نستعلیق قلمی یک جلد
(۷) مجموعہ شرح عقاید نسفی ومتن منار قلمی یک جلد
(۸) دفعہ شرح عقائد نسفی بخط نسخ یک جلد
(۹) شرح طوالع قلمی یک جلد
(۱۰) پارہ شرح تجرید جدید از علامہ قوشجی قلمی یک جلد
(۱۱) دفعہ پارہ شرح تجرید جدید از علامہ قوشجی قلمی
(۱۲) حاشیہ جدیدہ برشرح تجرید جدید قلمی یک جلد
(۱۳) انوار الملکوت فی شرح الیاقوت قلمی یک جلد
(۱۴) مجموعہ فقہ اکبر ودیگر رسائل
(۱۵) حاشیہ قدیمہ برشرح تجرید جدید قلمی یک جلد
(۱۶) معرکۃ الآراء مصنفہ مولانا شاہ سلامت اللہ صاحب مدظلہ قلمی یک جلد
(۱۷) میر زاہد شرح مواقف قلمی یک جلد

(۱۸) صواعق محرقہ تمام قلمی یک جلد
(۱۹) حاشیہ عبدالحکیم بر خیالی تمام قلمی یک جلد
(۲۰) خلاصہ صولۃ الضیغم علی اعداء ابن مریم طبع لکھنؤ یک جلد
(۲۱) تائید المسلمین فی اثبات نبوۃ سید المرسلین طبع لکھنؤ یک جلد
(۲۲) نسخہ تشئید مبانی الایمان از مجتہد لکھنوی در رد رسالہ بصارۃ العین طبع لکھنؤ یک جلد
(۲۳) حاشیہ مولوی ظہور اللہ صاحب بر میر زاہد شرح مواقف قلمی یک جلد
(۲۴) پارہ حاشیہ مولوی مبین بر میر زاہد شرح مواقف قلمی یک جلد
(۲۵) ردمسائل معتقدہ مولوی محمد علی صاحب مرحوم خلیفہ سید احمد صاحب مغفور از قاضی ارتضا علی خان صاحب طبع کلکتہ یک جلد
(۲۶) مجموعہ شرح عقاید جلالی و حاشیہ خیالی بر شرح عقائد نسفی قلمی یک جلد
(۲۷) دفعہ میر زاہد شرح مواقف تمام قلمی یک جلد
(۲۸) تحفہ اثناعشریہ قلمی یک جلد
(۲۹) موقف اول و دوم شرح مواقف یک جلد
(۳۰) دفعہ میر زاہد شرح مواقف تمام قلمی یک جلد
(۳۱) منتہی الکلام طبع لکھنؤ مصنفہ مولوی حیدر علی صاحب یک جلد
(۳۲) حاشیہ مولانا عبدالعلی بر میر زاہد شرح مواقف تمام قلمی یک جلد
(۳۳) دفعہ حاشیہ مولانا عبدالعلی بر میر زاہد شرح مواقف تا مقام درس قلمی یک جلد
(۳۴) تکمیل الایمان از شیخ عبدالحق محدث دہلوی طبع کلکتہ یک جلد
(۳۵) حاشیہ شرح عقائد نسفی قلمی یک جلد
(۳۶) دفعہ موقف دوم شرح مواقف قلمی یک جلد
(۳۷) حاشیہ مولانا محمد برکت الہ آبادی بر میر زاہد شرح مواقف یک جلد
(۳۸) حاشیہ مولوی عبدالرحمٰن والد مولوی محمد برکت الہ آبادی بر شرح عقائد جلالی یک جلد
(۳۹) حاشیہ شاہ عبدالعزیز صاحب بر حاشیہ یوسف کوسج قلمی یک جلد

**علم حکمت و فلسفہ ۲۴ جلدیں**

(۱) شفائی شیخ الرئیس بجمیع قیونہ بخط نسخ یک جلد
(۲) شمس بازغہ تمام طبع کلکتہ یک جلد
(۳) صدرا شرح ہدایۃ الحکمہ تمام قلمی یک جلد
(۴) شرح حکمت العین تمام قلمی یک جلد
(۵) دفعہ الٰہیات شرح حکمت العین بخط نسخ یک جلد
(۶) حکمت الاشراق دستخطی و محشی کردہ مولوی اشرف لکھنوی یک جلد
(۷) میبذی شرح ہدایۃ الحکمۃ محشی خوشخط قلمی یک جلد
(۸) دفعہ میبذی شرح ہدایۃ الحکمۃ محشی طبع اول لکھنؤ یک جلد
(۹) دفعہ میبذی شرح ہدایۃ الحکمۃ محشی طبع دوم لکھنؤ یک جلد
(۱۰) علمی حاشیہ میبذی تمام قلمی یک جلد
(۱۱) حاشیہ عبدالحکیم بر میبذی تمام قلمی یک جلد
(۱۲) دفعہ صدرا محشی طبع لکھنؤ بر کاغذ ولایتی یک جلد
(۱۳) حاشیہ آقا حسین خوانساری. بر الٰہیات شفا قلمی یک جلد
(۱۴) تلخیص الشفا مصنفہ مولوی فضل امام صاحب مرحوم قلمی یک جلد
(۱۵) مجموعہ حاشیہ محاکمات و الٰہیات شفا قلمی یک جلد
(۱۶) شمس بازغہ قلمی یک جلد

(۱۷) حاشیہ مولوی احمد اللہ سندیلی بر شمس بازغہ نہایت صحیح قلمی یک جلد
(۱۸) قبسات میر باقر داماد قلمی
(۱۹) مجموعہ حاشیہ مولانا عبدالعلی وتعلیقات مولوی احمد اللہ سندیلی وحاشیہ مولوی امجد قنوجی بر صدرا وشرح ہدایہ الحکمہ قلمی یک جلد
(۲۰) دفعہ حاشیہ مولوی احمد اللہ سندیلی بر شمس بازغہ قلمی
(۲۱) دفعہ میبذی ناتمام خوشخط قلمی یک جلد
(۲۲) حکمت مشرقیہ از شیخ الرئیس ابوعلی بن سینا قلمی یک جلد
(۲۳) دفعہ میبذی شرح ہدایہ الحکمہ تمام قلمی یک جلد
(۲۴) عروۃ الوثقی قلمی یک جلد

## علم منطق ومیزان ۶۸ جلدیں

(۱) شرح تہذیب عبداللہ یزدی طبع کلکتہ یک جلد
(۲) شرح تہذیب نوراللہ سوشتری قلمی یک جلد
(۳) مجموعہ حواشی مولوی ظہوراللہ ومولوی مبین بر میر زاہد رسالہ قلمی یک جلد
(۴) مجموعہ میر زاہد رسالہ ومیبذی وشرح جامی وقران السعدین وشرح نحومیر، ہر یک ناتمام قلمی یک جلد
(۵) مجموعہ قال اقول ورسالہ دیگر قلمی یک جلد
(۶) مجموعہ حواشی متفرقہ قلمی یک جلد
(۷) حاشیہ مولوی فضل امام بر میر زاہد جلالیہ قلمی یک جلد
(۸) سعدیہ شرح شمسیہ ناتمام قلمی یک جلد
(۹) مجموعہ متن مطالع الانوار ورسالہ حساب
(۱۰) شرح سلم مولانا عبدالعلی مع منہیات قلمی یک جلد
(۱۱) مجموعہ میر زاہد، رسالہ وشرح تہذیب جلالی ومیر زاہد جلالیہ قلمی یک جلد
(۱۲) قطبی شرح شمسیہ نہایت صحیح قلمی یک جلد
(۱۳) شرح سلم مولوی مبین تمام قلمی یک جلد
(۱۴) شرح سلم تمام قلمی یک جلد
(۱۵) حاشیہ عماد بر شرح شمسیہ قلمی یک جلد
(۱۶) حاشیہ عصام بر شرح شمسیہ قلمی یک جلد
(۱۷) حاشیہ صدرالدین شیرازی بر قطبی ومیر قلمی یک جلد
(۱۸) مجموعہ قال اقول ومرقات قلمی یک جلد
(۱۹) حاشیہ سید شریف بر شرح تصورات شرح مطالع تمام قلمی یک جلد
(۲۰) حاشیہ عبدالحکیم بر حاشیہ سید شریف بر شرح مطالع قلمی یک جلد
(۲۱) بدیع المیزان قلمی یک جلد
(۲۲) مجموعہ منہیہ بدیع المیزان ومیر ایساغوجی قلمی یک جلد
(۲۳) مجموعہ حواشی بدیع المیزان از ملا جلال خیالی واخوند عبداللہ رامپوری قلمی یک جلد
(۲۴) مجموعہ میر زاہد رسالہ وحاشیہ غلام حسین (؟) قلمی یک جلد
(۲۵) حاشیہ ملا صادق بر بدیع المیزان قلمی یک جلد
(۲۶) اساس الاقتباس از نصیرالدین طوسی قلمی یک جلد
(۲۷) حاشیہ مولوی محمد فضل امام مرحوم بر میر زاہد رسالہ قلمی یک جلد
(۲۸) دفعہ حاشیہ مولوی محمد افضل امام مرحوم بر میر زاہد جلالیہ قلمی یک جلد
(۲۹) تصورات شرح مطالع قلمی یک جلد
(۳۰) حاشیہ مولانا عبدالعلی بر میر زاہد رسالہ تمام قلمی یک جلد
(۳۱) حاشیہ مولوی مبین بر میر زاہد رسالہ قلمی یک جلد
(۳۲) حاشیہ قاضی مبارک بر میر زاہد ملا جلال قلمی یک جلد

(۳۳) تصدیقات شرح سلم مولوی احمد اللہ سندیلی قلمی یک جلد
(۳۴) حاشیہ اسد اللہ بر شرح مسلم مولوی احمد اللہ سندیلی قلمی یک جلد
(۳۵) مجموعہ شرح تہذیب جلالی و حاشیہ عبداللہ یزدی براں طبع لکھنؤ یک جلد (۳۶) دفعہ قطبی شرح شمسیہ قلی یک جلد
(۳۷) حاشیہ سید شریف بر قطبی قلمی یک جلد (۳۸) حاشیہ مولانا عبد العلی بر میر زاہد جلالیہ قلمی یک جلد
(۳۹) مجموعہ رسالہ بعدیہ ذاتے و زمانے و دیگر رسائل طبع لکھنؤ یک جلد
(۴۰) حاشیہ مولوی ظہور اللہ مرحوم بر میر زاہد جلالیہ قلمی یک جلد
(۴۱) دفعہ شرح سلم مولانا عبد العلی مع منہیات قلمی یک جلد
(۴۲) مجموعہ رسالہ قطبیہ و میز زاہد رسالہ و حاشیہ غلام یحییٰ و مولوی عماد براں طبع لکھنؤ یک جلد
(۴۳) مجموعہ قطبی و حاشیہ سید شریف برآں ہر دو محشی طبع لکھنؤ بر کاغذ ولایتی یک جلد
(۴۴) دفعہ شرح سلم مولوی احمد اللہ سندیلی محشی طبع لکھنؤ یک جلد
(۴۵) شرح سلم قاضی مبارک تمام قلمی یک جلد
(۴۶) مجموعہ میر زاہد جلالیہ و حاشیہ مولانا عبد العلی براں طبع لکھنؤ یک جلد (۴۷) دفعہ قطبی بدخط قلمی یک جلد
(۴۸) مجموعہ تصورات شرح سلم مولوی حسن و تصورات شرح سلم قاضی مبارک و تصدیقات شرح سلم مولوی احمد اللہ سندیلی قلمی یک جلد
(۴۹) حاشیہ سرح سلم قاضی مبارک مؤلفہ مولوی تراب علی صاحب طبع لکھنؤ یک جلد
(۵۰) حاشیہ مولوی فضل حق صاحب بر شرح سلم قاضی مبارک قلمی یک جلد
(۵۱) شرح مطالع انوار تمام قلمی یک جلد (۵۲) دفعہ شرح مطالع الانوار ناتمام خوش خط قلمی یک جلد
(۵۳) دفعہ تصدیقات شرح مطالع قلمی یک جلد (۵۴) وظایف المنطق قلمی یک جلد
(۵۵) قال اقول طبع لکھنؤ یک جلد (۵۶) متن تہذیب قلمی یک جلد
(۵۷) میر ایساغوجی طبع لکھنؤ یک جلد (۵۸) شرح تہذیب قلمی یک جلد
(۵۹) مجموعہ عقدہ وثیقہ و غایۃ البیان فی تحقیق السبحان و شرح ضابطہ و رسالہ قوس قزح و رسالہ قال اقول و شرح تہذیب عبداللہ یزدی فی شوکتہ الحواشی و حاشیہ شمس الضحیٰ مع تکملہ غلام یحییٰ و رشیدیہ جملہ مطبوعہ لکھنؤ یک جلد
(۶۰) مجموعہ میر ایساغوجی و تہذیب و بدیع المیزان و غیرہ قلمی یک جلد (۶۱) شرح تہذیب طبع لکھنؤ
(۶۲) مجموعہ شرح سلم قاضی مبارک و منہیات آن قلمی یک جلد
(۶۳) حاشیہ مولوی ظہور اللہ مرحوم بر میر زاہد رسالہ قلمی یک جلد
(۶۴) مجموعہ معالج العلوم و شرح سلم مولوی حسن لکھنوی قلمی یک جلد (۶۵) شرح تہذیب جلالی قلمی جلد
(۶۶) حاشیہ ملا جلال الدین قطبی دوانی و بر حاشیہ سید شریف قلمی یک جلد (۶۷) میر زاہد جلالیہ قلمی یک جلد
(۶۸) مجموعہ قران السعدین و شرح ضابطہ از مرزا جان باعموی و دیگر شروح ضابطہ یک جلد

**علم ریاضی ۱۶ جلدیں**

(۱) شرح چغمنی قلمی یک جلد
(۲) مجسطی تمام قلمی یک جلد
(۳) زیچ الغ بیگی قلمی یک جلد
(۴) مجموعہ برجندی حاشیہ شرح چغمنی مع دیگر رسائل قلمی یک جلد
(۵) مجموعہ رسائل اکر مشتمل بر شانزدہ رسالہ قلمی یک جلد
(۶) مجموعہ متوسطات مجسطی مشتمل بر شانزدہ رسالہ قلمی یک جلد
(۷) مجموعہ متوسطات مجسطی مشتمل بر پنج رسالہ قلمی یک جلد
(۸) تحریر اوقلیدس طبع لکھنؤ یک جلد
(۹) دفعہ تحریر اوقلیدس طبع کلکتہ یک جلد
(۱۰) رسالہ در علم ہیت مصنفہ پاٹن صاحب یک جلد
(۱۱) حدایق النجوم طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۲) دفعہ تحریر اوقلیدس طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۳) شرح تحریر اوقلیدس از میر ہاشم نہ مقالہ یک جلد
(۱۴) مجموعہ کنز الحساب وشرح تذکر طوسی از برجندی ومعمائے بہاء الدین عاملی وحواشی مولوی اعلم سندیلی یک جلد
(۱۵) مجموعہ شرح تحریر اوقلیدس از مولوی برکت الہ آبادی ونسخہ تسطیح الاصطرلاب ورسالہ ابن نصر فارابی ورسالہ نظم یک جلد
(۱۶) رسالہ تصنیف صدر الصدور لندن طبع یک جلد

**علم لغت عربی وفارسی　　۱۸ جلدیں**

(۱) قاموس مطبوع کلکتہ دو جلد
(۲) صراح مع الضمیمہ طبع کلکتہ یک جلد
(۳) مخزن الادویہ تمام طبع کلکتہ یک جلد
(۴) برہان قاطع طبع کلکتہ دو نسخہ للعہ جلد
(۵) نفائس اللغات طبع لکھنؤ یک جلد
(۶) کنز اللغات بزبان فارسی قلمی یک جلد
(۷) لغت ترکی طبع کلکتہ یک جلد
(۸) رشیدی لغت فارسی قلمی یک جلد
(۹) برہان قاطع طبع اخیر یک جلد
(۱۰) صحاح جوہری تمام وکمال بخط ولایت یک جلد
(۱۱) فرہنگ جہانگیری قلمی یک جلد
(۱۲) پارہ بہار عجم قلمی یک جلد
(۱۳) منتخب طبع کلکتہ یک جلد
(۱۴) کتاب مزہر فی علوم اللغۃ یک جلد

**علم طب　　۲۱ جلدیں**

(۱) تحفۃ الاطبا منظوم بنظم فارسی قلمی یک جلد
(۲) کفایہ مجاہدیہ قلمی یک جلد
(۳) طب اکبر بخط نستعلیق قلمی یک جلد
(۴) دفعہ طب اکبر قلمی یک جلد
(۵) اختیارات بدیعی جلد اول قلمی یک جلد
(۶) شرح قانونچہ در عربی قلمی یک جلد
(۷) خیر التجارب قلمی یک جلد
(۸) قلانسی فی الطب قلمی یک جلد
(۹) مجموعہ بقائی قلمی دو جلد
(۱۰) قرابادین علوی خان قلمی یک جلد
(۱۱) مجموعہ ذکائی قلمی یک جلد
(۱۲) موجز القانون یک جلد
(۱۳) مفرح القلوب طبع کلکتہ یک جلد
(۱۴) شرح اسباب وعلامات قلمی یک جلد
(۱۵) علاج الامراض حکیم شریف خان دہلوی قلمی یک جلد
(۱۶) طب نبوی بزبان اردو طبع لکھنؤ

(۱۷) کلیات نفیسی قلمی یک جلد
(۱۸) تحفۃ المعجبات قلمی یک جلد
(۱۹) مجموعہ میزان الطب وغیرہ طبع لکھنؤ یک جلد
(۲۰) مخزن الادویہ چھاپہ صحیح کلکتہ یک جلد

## علم معانی وبیان وفن ادب ۲۴ جلدیں

(۱) شرح قسم ثالث مفتاح العلوم از سید شریف جرجانی قلمی یک جلد
(۲) مطول شرح تلخیص المفتاح محشی قلمی یک جلد
(۳) مجموعہ مختصر معانی وحاشیہ خطائی براں قلمی یک جلد
(۴) دفعہ مختصر معانی محشی طبع لکھنؤ کاغذ انگریزی یک جلد
(۵) حاشیہ سید شریف بر مطول قلمی یک جلد
(۶) مجموعہ حاشیہ خطائی وحاشیہ عبداللہ یزدی یک جلد
(۷) دفعہ مختصر معانی تمام قلمی یک جلد
(۸) مجموعہ اطباق الذہب وقصیدہ بانت سعاد قلمی یک جلد
(۹) مناقب حیدریہ طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۰) پارہ مقامات حریری قلمی یک جلد
(۱۱) مجموعہ قصاید عربیہ قلمی یک جلد
(۱۲) جلد اول حکایات مأتہ لیلہ من الف لیلہ طبع کلکتہ یک جلد
(۱۳) جلد ثانی مأتہ لیلہ من الف لیلہ طبع کلکتہ یک جلد
(۱۴) شرح قصائد سبعہ معلقہ طبع کلکتہ یک جلد
(۱۵) دیوان المتنبی طبع کلکتہ یک جلد
(۱۶) عجائب المقدور فی تاریخ التیمور طبع کلکتہ یک جلد
(۱۷) مقامات حریری تمام قلمی یک جلد
(۱۸) جوہر وقاد شرح قصیدہ بانت سعاد
(۱۹) مجموعہ عجب العجاب ونفحۃ الیمن قلمی یک جلد
(۲۰) تحفہ اخوان الصفا طبع کلکتہ یک جلد
(۲۱) شرح قصیدہ لامیہ قلمی یک جلد
(۲۲) نفحۃ الیمن طبع کلکتہ یک جلد
(۲۳) مجمع الصنائع قلمی یک جلد
(۲۴) رقعات عربی از قدرت علی خان صاحب قلمی یک جلد

## علم حساب وفرایض ۱۹ جلدیں

(۱) مجموعہ خلاصہ الحساب ونقود الحساب مطبوع یک جلد
(۲) مفتاح الحساب قلمی یک جلد
(۳) شمسیۃ الحساب قلمی یک حساب
(۴) رسالہ فرایض بزبان فارسی قلمی یک جلد
(۵) تنویر السراج فی الفرایض قلمی یک جلد
(۶) دفعہ رسالہ فارسی در علم فرایض قلمی یک جلد
(۷) متن عیون الحساب یک جلد
(۸) شرح سراجی فی الفرایض قلمی یک جلد
(۹) مجموعہ خلاصہ الحساب مشتمل بردہ رسالہ دیگر قلمی یک جلد
(۱۰) شرح وحیہہ فی الفرایض قلمی یک جلد
(۱۱) ارجوزہ یاسمنیہ در جبر ومقابلہ قلمی یک جلد
(۱۲) فرایض شریفی طبع کلکتہ یک جلد
(۱۳) دفعہ فرایض شریفی قلمی یک جلد
(۱۴) زبدۃ الفرایض قلمی یک جلد
(۱۵) شرح فارسی خلاصہ الحساب قلمی یک جلد
(۱۶) شرح خلاصہ الحساب از مولوی عصمت اللہ سہارنپوری طبع کلکتہ یک جلد
(۱۷) ترجمہ فارسی خلاصہ الحساب از مولوی روشن علی جونپوری طبع کلکتہ یک جلد
(۱۸) دفعہ خلاصہ الحساب طبع لکھنؤ یک جلد

(۱۹) روضۃ الاحکام فرایض فرقہ شیعہ طبع لکھنؤ یک جلد

**علم عروض وقافیہ وعلم مناظرہ ۹ جلدیں**

(۱) مجموعہ رسالہ ہائے عروض از شمس الدین فقیر یک جلد　(۲) منتجب مقطع فی القافیہ قلمی یک جلد

(۳) رسالہ عروض از شیخ عبدالرحمٰن بن عیسیٰ المرشدی العمری فی الحنفی بزبان عربی قلمی یک جلد

(۴) مجموعہ رشدیہ وآداب باقیہ وابحاث باقیہ وعقدہ وثیقہ ورسالہ باقر داماد قلمی یک جلد

(۵) حاشیہ زین الدین برآداب باقیہ قلمی یک جلد

(۶) حاشیہ رشیدیہ مشتمل برجواباتِ اعتراضات صاحب النجات باقیہ قلمی یک جلد

(۷) دفعہ البحاث باقیہ قلمی یک جلد

(۸) مجموعہ عضدیہ وآداب حنفی شرح وحاشیہ ابوالفتح برآداب حنفی وحال آداب عضدی وصادقیہ شرح عضدیہ قلمی یک جلد

**علم تصوف ۲۲ جلدیں**

(۱) صراط مستقیم بزبان فارسی قلمی یک جلد　(۲) نغمہ عشاق دراثبات غنا بزبان فارسی قلمی یک جلد

(۳) رسالہ کلمۃ الحق مصنفہ مولانا عبدالرحمٰن لکھنوی قدس سرہ یک جلد　(۴) رسالہ نظم درتفسیر کلمہ طیبہ قلمی یک جلد

(۵) الجانب الغربی فی حل مشکلات الشیخ محی الدین عربی قلمی یک جلد

(۶) شرح فصوص الحکم از مولانا جامی تمام قلمی یک جلد

(۷) مجموعہ رسایل تصوف قلمی یک جلد　(۸) قول الفصل فی ارجاع الفروع الی الاصل قلمی یک جلد

(۹) قیصری شرح فصوص الحکم تمام قلمی یک جلد

(۱۰) مجموعہ لوایح ولمعات وروض المجودود یگر رسائل تصوف قلمی یک جلد

(۱۱) مجموعہ رسائل شیخ اکبر محی الدین عربی قلمی یک جلد　(۱۲) نسخہ اظہار وجود الحق قلمی یک جلد

(۱۳) نسخہ کلمۃ الحق قلمی منظوم یک جلد　(۱۴) دفتر ثانی سلسلۃ الذہب مصنفہ مولانا جامی رح یک جلد

(۱۵) مثنوی مولانا روم تمام قلمی یک جلد　(۱۶) فرہنگ مثنوی مولانا روم قلمی یک جلد

(۱۷) نور مطلق شرح کلمۃ الحق قلمی یک جلد

(۱۸) مجموعہ قصیدہ ملانقشبند تیلوی مسمیٰ براح الارواح وشرح آں من المصنف ہردو بخطی یک جلد

(۱۹) حرابہ جلالی تصنیف مخدوم تصنیف مخدوم (کذا) جہانیاں جہاں گشت　قلمی یک جلد

(۲۰) انوار الرحمان فی تنور الجنان ملفوظ مولانا عبدالرحمٰن لکھنوی قدس سرہ قلمی یک جلد

(۲۱) سلک السلوک ضیائی نخشبی قلمی جلد　(۲۲) نصف اول احیاء العلوم بخط نسخ ولایتی کشمیری یک جلد

**علم قرات وتجوید ۶ جلدیں**

(۱) مجموعہ رسایل تجوید قلمی یک جلد　(۲) مبرز المعانی شرح شاطبی قلمی یک جلد

(۳) مجموعہ شرح خالد ازہری وشرح ملاعلی قاری برمقدمہ جزری قلمی یک جلد

(۴) مجموعہ قصیدہ شاطبیہ وجزریہ ودیگر رسائل قرأت قلمی یک جلد
(۵) کیمیائے سعادت قلمی یک جلد　(۶) نصف اول احیاء العلوم بخط نستعلیق از ولایت کشمیر یک جلد

**کتب سیر وتواریخ واخلاق ۱۵ جلدیں**

(۱) نخبۃ السیر مصنفہ مولوی فضل امام　(۲) بذل القوۃ فی حوادث سیر النبوۃ قلمی یک جلد
(۳) مجموعہ سر الشہادتین وتحریر الشہادتین شرح آں طبع لکھنوٴ یک جلد
(۴) خلاصہ تاریخ ابن خلکان مؤلفہ مولوی فضل امام صاحب مرحوم قلمی یک جلد
(۵) مجموعہ رسائل اخلاق قلمی یک جلد　(۶) کیمیائے سعادت قلمی یک جلد
(۷) ربع اول احیاء العلوم قلمی جلد　(۸) اخلاق جلالی قلمی یک جلد
(۹) مجموعہ تواریخ ارتحال بزرگان واولیاء اللہ قدس اللہ اسرارہم قلمی یک جلد
(۱۰) جذب القلوب الی دیار المحبوب طبع کلکتہ یک جلد
(۱۱) مدارج النبوت قلمی یک جلد　(۱۲) قصص الانبیا چھاپہ کلکتہ یک جلد
(۱۳) اخلاق ناصری قلمی یک جلد　(۱۴) شواہد النبوت قلمی یک جلد
(۱۵) اخلاق الحسنین یک جلد

**علم صرف ۱۰ جلدیں**

(۱) نظامی شرح شافیہ قلمی بخط مولوی حمید الدین مرحوم دو جلد　(۲) رکاز الاصول فی شرح الفصول قلمی یک جلد
(۳) رضی شرح شافیہ طبع لکھنوٴ یک جلد　(۴) مجموعہ فصول اکبری وشافیہ قلمی یک جلد
(۵) مجموعہ شافیہ ورسالہ ابنیۃ الافعال وشرح مأۃ عبد الرسول طبع لکھنوٴ یک جلد　(۶) مجموعہ صرف قلمی یک جلد
(۷) ہدایۃ الصرف طبع کلکتہ یک جلد　(۸) مجموعہ صرف بدخط قلمی یک جلد
(۹) مجموعہ میزان ومنشعب وتصریف وزبدہ وصرف میر ودستور المبتدی طبع لکھنوٴ یک جلد

**علم نحو ۴۲ جلدیں**

(۱) متن لباب قلمی یک جلد
(۲) شرح ابیات تفصیل مصنفہ مولوی محمد فضل امام مرحوم قلمی یک جلد
(۳) ضوء شرح مصباح قلمی یک جلد　(۴) رضی شرح کافیہ ناتمام قلمی یک جلد
(۵) نسخہ قواعد بطور جدا اول در مسائل نحو وصرف قلمی یک جلد　(۶) پارہ حاشیہ عبد الحکیم بر حاشیہ عبد الغفور قلمی یک جلد
(۷) خلاصہ شرح ابیات مفصل قلمی یک جلد　(۸) شرح ارشاد از سید شریف ناتمام قلمی یک جلد
(۹) شرح الفیہ از جلال الدین سیوطی قلمی یک جلد　(۱۰) متن مصباح بخط نسخ قلمی یک جلد
(۱۱) شرح الفیہ از ابن عقیل قلمی یک جلد　(۱۲) شرح الفیہ از عبد الرحیم صفی پوری طبع کلکتہ یک جلد
(۱۳) مجموعہ غایۃ البیان ومسالک الہیہ از عبد الرحیم صفی پوری طبع کلکتہ یک جلد　(۱۴) الفیہ بخط نسخ قلمی یک جلد


(۱۵) مجموعہ حاشیہ عبدالغفور وتکملہ عبدالحکیم طبع کلکتہ یک جلد
(۱۶) مجموعہ شرح ابیات شرح جامی وشریفیہ ترجمہ کافیہ قلمی یک جلد
(۱۷) حاشیہ عبدالحکیم برحاشیہ عبدالغفور قلمی یک جلد
(۱۸) دفعہ تکملہ عبدالحکیم برحاشیہ عبدالغفور قلمی یک جلد
(۱۹) غایۃ التحقیق شرح قافیہ قلمی یک جلد
(۲۰) حاشیہ عصام برشرح جامی قلمی یک جلد
(۲۱) دفعہ ضوبرکاغذ حنائی ناتمام قلمی یک جلد
(۲۲) شرح جامی معرا اچھاپہ لکھنؤ یک جلد
(۲۳) متن کافیہ مجزّا قلمی یک جلد
(۲۴) دفعہ کافیہ قلمی یک جلد
(۲۵) دفعہ ضوشرح مصباح بخط نسخ قلمی یک جلد
(۲۶) تفصیل مصنفہ مولوی محمد فضل امام مرحوم قلمی یک جلد
(۲۷) مجموعہ میزان المنطق وترجمہ کافیہ از سید شریف وشریفیہ مناظرہ قلمی یک جلد
(۲۸) حاشیہ ملا جمال برشرح جامی قلمی یک جلد
(۲۹) مجموعہ ضریری ومصباح وقطرالندا وآخرومیّہ طبع لکھنؤ یک جلد
(۳۰) حل الترکیب کافیہ طبع لکھنؤ
(۳۱) دفعہ شرح جامی قلمی یک جلد
(۳۲) مجموعہ نحو قلمی یک جلد
(۳۳) ترجمہ کافیہ قلمی یک جلد
(۳۴) ہدایۃ النحو طبع کلکتہ یک جلد
(۳۵) دفعہ ہدایۃ النحو قلمی یک جلد
(۳۶) دفعہ کافیہ قلمی ناتمام یک جلد
(۳۷) دفعہ ہدایت النحو طبع لکھنؤ یک جلد
(۳۸) مجموعہ الفیہ وفصول اکبری طبع لکھنؤ برکاغذ ولایتی یک جلد
(۳۹) مجموعہ نحو میر و مآیۃ عامل وخلاصہ وجمل وتتمہ طبع لکھنؤ یک جلد
(۴۰) مجموعہ مأیۃ عامل وشرح مایۃ عامل طبع کلکتہ یک جلد
(۴۱) شرح مآیۃ عامل طبع لکھنؤ یک جلد
(۴۲) حاشیہ عبدالرحمٰن برشرح ملا جامی طبع کلکتہ یک جلد

**کتب فارسی واردو** **۱۱۷ جلدیں**

(۱) مجموعہ حسن وعشق ووقائع نعمت خاں عالی قلمی یک جلد
(۲) شرح سہ نثر ظہوری قلمی یک جلد
(۳) حدیقۃ الاقالیم قلمی یک جلد
(۴) کلیات امیر خسرو قلمی یک جلد
(۵) انشائے یوسفی قلمی یک جلد (حضرت منشی صاحب قبلہ شاہ عاشق حسین عنایت)
(۶) منتخب اشعار اساتذہ ونثری درفارسی بطور بیاض یک جلد
(۷) انشائے محمد صادق خان اختر قلمی یک جلد
(۸) فرہنگ ابوالفضل قلمی یک جلد
(۹) مجموعہ قصائد عرفی وانشائے مادھورام قلمی یک جلد
(۱۰) خلاصہ حدیقہ حکیم سنائی قلمی یک جلد
(۱۱) توقیعات کسری قلمی یک جلد
(۱۲) مجموعہ رباعیات قلمی یک جلد
(۱۳) جہانگیر نامہ قلمی یک جلد
(۱۴) دیوان صائب قلمی یک جلد
(۱۵) ساقی نامہ مرزا بیدل قلمی یک جلد
(۱۶) قصائد انوری قلمی یک جلد

(۱۷)مثنوی غنیمت قلمی یک جلد
(۱۸) تذکرہ دولت شاہی قلمی یک جلد
(۱۹)چار عنصر مرزا بیدل قلمی یک جلد
(۲۰) جلد دوم تاریخ وصاف قلمی یک جلد
(۲۱) تاریخ الحکماء قلمی یک جلد
(۲۲) قصائد خاقانی محشی قلمی یک جلد
(۲۳) خمسہ نظامی بخط ولایت با تصویرات یک جلد
(۲۴) تذکرہ مرات الخیال چھاپہ کلکتہ یک جلد
(۲۵) مجموعہ سراج المنیر ورسالہ رفعت قلمی یک جلد
(۲۶) مجموعہ فیض دانش وغیرہ قلمی یک جلد
(۲۷)وصایائے نظام ملکی قلمی یک جلد
(۲۸)انوار سہیلی مطبوع مملوکہ کپتان ہالنکس صاحب بہادر دو جلد
(۲۹) مجموعہ کتاب نقول قلمی یک جلد
(۳۰)انشائے طغرا قلمی یک جلد
(۳۱) پیمانہ شیخ علی حزیں بخط مصنف رح یک جلد
(۳۲) تذکرہ سرخوش قلمی یک جلد
(۳۳)بستان حکمت چھاپہ لکھنؤ یک جلد
(۳۴)عطیہ کبریٰ وموہبت عظمیٰ قلمی یک جلد
(۳۵) تاریخ کمل پوش بزبان اردو مملوکہ ہالنکس صاحب بہادر یک جلد (۳۶) بوستان چھاپہ لکھنؤ یک جلد
(۳۷) کلیات فریدالدین عطار رح قلمی یک جلد
(۳۸) دیوان سلیم قلمی یک جلد
(۳۹) تحفۃ العراقین قلمی یک جلد
(۴۰) مکتوبات مولوی احسان اللہ صاحب اونامی قلمی یک جلد
(۴۱) ظفر نامہ ارسطاطالیس قلمی یک جلد
(۴۲) نادرنامہ قلمی یک جلد
(۴۳) دقائق الانشا قلمی یک جلد
(۴۴) مکاتبات ملوکانہ با اجزاے متفرقہ قلمی یک جلد
(۴۵) فرہنگ مثنوی شریف یک جلد
(۴۶) دیوان حافظ قلمی یک جلد
(۴۷) مثنوی اسیر چھاپہ لکھنؤ یک جلد
(۴۸) مجموعہ رسائل اوراد قلمی یک جلد
(۴۹) مجموعہ تعویزات واوراد قلمی یک جلد
(۵۰) وظائف نبوی یک جلد
(۵۱) انشائے صنوہر گجراتی قلمی یک جلد
(۵۲) مجموعہ دیوان وحشی ونثری دیگر قلمی یک جلد
(۵۳) فوائد محصول قلمی یک جلد
(۵۴) قصائد عرضی قلمی یک جلد
(۵۵) سکندر نامہ بحری قلمی یک جلد
(۵۶) تذکرہ نتائج الافکار مطبوع مندراس یک جلد
(۵۷) کلیات حافظ شیراز مطبوع ممبئی یک جلد
(۵۸) لیلیٰ مجنوں نظامی قلمی یک جلد
(۵۹) دیوان ذرّہ قلمی یک جلد
(۶۰) دیوان قاسم دیوانہ قلمی یک جلد
(۶۱) بیاض اشعار قلمی یک جلد
(۶۲) دقائق مطلع الانوار قلمی یک جلد
(۶۳) دفعہ نسخہ تذکرہ دولت شاہی قلمی یک جلد
(۶۴) سروری شرح گلستان قلمی یک جلد
(۶۷) جلد ہائے نقول مکاتبات سرکاری قلمی دو جلد
(۶۸) مجموعہ رقعات وسبحۃ الابرار مولانا جامی طبع کلکتہ یک جلد
(۶۹) مجموعہ منشیات لچھمن نرائن ورقعات علی حزیں قلمی یک جلد
(۷۰) دیوان وحشی قلمی یک جلد
(۷۱) مجلد سلطان الاخبار طبع کلکتہ یک جلد

(۷۲) تذکرہ صبح وطن مطبوع مندراس یک جلد
(۷۳) رسالہ درصنعت ساختن مرجان ومروارید وغیرہ قلمی یک جلد
(۷۴) مجموعہ دیوان واقف وتعبیر نامہ قلمی یک جلد
(۷۵) دیوان زخمی مطبوع لکھنؤ یک جلد
(۷۶) مکتوبات یحییٰ منیری قلمی یک جلد
(۷۷) مرکز الادوار مولانا جامی قلمی یک جلد
(۷۸) مجموعہ نصاب الصبیان ورسالہ تخفیف ہمزہ قلمی یک جلد
(۷۹) کتاب چیستان ازظفر الدولہ مطبوع لکھنؤ یک جلد
(۸۰) مرات مسعودی قلمی یک جلد
(۸۱) مجموعہ آمد نامہ وبیاض نسخہ جات قلمی یک جلد
(۸۲) بیاض نسخہ جات قلمی یک جلد
(۸۳) کتاب انگریزی مطبوع یک جلد
(۸۴) مجموعہ گلستان وبوستان طبع لکھنؤ یک جلد
(۸۵) ہرسہ دفتر ابوالفضل طبع لکھنؤ یک جلد
(۸۶) نل دمن فارسی طبع لکھنؤ یک جلد
(۸۷) کلیات شیخ ناسخ طبع اول لکھنؤ یک جلد
(۸۸) تعلیم المبتدئین مصنفہ مولوی محمد فضل امام مرحوم قلمی یک جلد
(۸۹) رقعات مرزا قتیل طبع لکھنؤ یک جلد
(۹۰) رقعات پچھمن نرائن طبع لکھنؤ یک جلد
(۹۱) ثمرات البدایع طبع لکھنؤ یک جلد
(۹۲) رقعات عالمگیریہ طبع لکھنؤ دوجلد
(۹۳) لطائف عجیبہ طبع لکھنؤ یک جلد
(۹۴) نصاب الصبیان امیر خسرو طبع لکھنؤ یک جلد
(۹۵) آمد نامہ موسوم بصفوۃ المصادر مطبوع یک جلد
(۹۶) رسالہ الف کثرت مطبوع یک جلد
(۹۷) رقعات موسوم بہار عجم مطبوع یک جلد
(۹۸) قواعد فارسی طبع لکھنؤ یک جلد
(۹۹) رسالہ صرف ونحو فارسی طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۰۰) دیوان امین الدولہ آغا علی خان طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۰۱) مجموعہ وقائع نعمت خان عالی وحسن وعشق وجنگ نامہ ومقربات ثلثہ ظہوری وسہ نثر ظہوری پنج رقعہ ومینا بازار مطبوع لکھنؤ یک جلد
(۱۰۲) ساقی نامہ ظہوری قلمی یک جلد
(۱۰۳) قصہ بہرام گور اردو چھاپہ لکھنؤ یک جلد
(۱۰۴) غزلیات مرزا صائب وغیرہ قلمی یک جلد
(۱۰۵) رسالہ شجر الامانی طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۰۶) گلستان طبع لکھنؤ یک جلد
(۱۰۷) چار شربت مرزا قتیل قلمی یک جلد
(۱۰۸) سوانح عمری شیخ علی حزیں قلمی یک جلد
(۱۰۹) مجموعہ انشاءِ فائق وانشاءِ دلکشا ورقعات نظامیہ ودستور المحبت وحدیقہ وصال مطبوع لکھنؤ یک جلد
(۱۱۰) دفتر اول تاریخ اکبر نامہ قلمی یک جلد
(۱۱۱) مناظرۃ الحیوان قلمی یک جلد
(۱۱۲) مجموعہ شرح گلستان از خان آرزو ورسالہ بیان قلمی یک جلد
(۱۱۳) دیوان فارسی اسد اللہ خان دہلوی متخلص بغالب معروف بمرزا نوشہ طبع دہلی یک جلد
(۱۱۴) دیوان اردو اسد اللہ خان دہلوی متخلص بغالب معروف بمرزا نوشہ طبع دہلی یک جلد



حاشیه صدر الدین شیرازی بر قطبی و میر قلمی یک جلد
مجموعه قال اقول و مرقات قلمی یک جلد
حاشیه سید شریف بر شرح تصورات مطالع تمام قلمی یک جلد
حاشیه عبد الحکیم بر حاشیه سید شریف بر شرح مطالع قلمی یک جلد

بدیع المیزان قلمی یک جلد
مجموعه منهیه بدیع المیزان و میزان نحو قلمی یک جلد
مجموعه حواشی بدیع المیزان از ملا جلال ... یک جلد
مجموعه میر زاهد رساله و حاشیه غلام یحیی ... میزان قلمی یک جلد

حاشیه قاضی صادق بر بدیع المیزان قلمی یک جلد
اساس الاقتباس از نصیر الدین طوسی قلمی یک جلد
حاشیه مولوی محمد فضل امام مرحوم بر میر زاهد رساله قلمی یک جلد
دو فقره حاشیه مولوی محمد فضل امام مرحوم بر میر زاهد جلالیه قلمی یک جلد

تصورات شرح مطالع قلمی یک جلد
حاشیه مولانا عبد العلی بر میر زاهد رساله تمام قلمی یک جلد
حاشیه مولوی مبین بر میر زاهد رساله قلمی یک جلد
حاشیه قاضی مبارک بر میر زاهد ملا جلال قلمی یک جلد

تصدیقات شرح سلم مولوی احمد الله سندیلی قلمی یک جلد
حاشیه رشید الدین بر شرح سلم مولوی احمد الله سندیلی قلمی یک جلد
مجموعه شرح تهذیب جلالی و حاشیه عبد الله یزدی بر آن طبع لکهنو یک جلد
دو فقره قطبی شرح شمسیه قلمی یک جلد

حاشیه سید شریف بر قطبی قلمی یک جلد
حاشیه مولانا عبد العلی بر میر زاهد جلالیه قلمی یک جلد
مجموعه رساله قطبیه ... و دیگر رسائل طبع لکهنو یک جلد
حاشیه مولوی ظهور الله مرحوم بر میر زاهد جلالیه قلمی یک جلد

دو فقره شرح سلم مولانا عبد العلی منهیات قلمی یک جلد
مجموعه رساله قطبیه و میر زاهد رساله و حاشیه غلام یحیی و مولوی ... بر آن طبع لکهنو یک جلد
مجموعه قطبی و حاشیه سید شریف بر آن ... طبع لکهنو ... کاغذ ولایتی یک جلد
دو فقره شرح سلم مولوی احمد الله سندیلی محشی طبع لکهنو یک جلد

شرح سلم قاضی مبارک تمام قلمی یک جلد
مجموعه میر زاهد جلالیه و حاشیه مولانا عبد العلی بر آن طبع لکهنو یک جلد
دو فقره قطبی بر خط قلمی یک جلد
مجموعه تصورات شرح سلم مولوی حسن و تصورات شرح سلم قاضی مبارک و تصدیقات شرح سلم مولوی احمد الله سندیلی قلمی یک جلد

حاشیه شرح سلم قاضی مبارک مولفه مولوی تراب علی صاحب طبع لکهنو یک جلد
حاشیه مولوی ... صاحب بر شرح سلم قاضی مبارک قلمی یک جلد
شرح مطالع الانوار تمام قلمی یک جلد
دو فقره شرح مطالع الانوار نا تمام خوشخط قلمی یک جلد

دو فقره تصدیقات شرح مطالع قلمی یک جلد
لطائف المنطق قلمی یک جلد
قال اقول طبع لکهنو یک جلد
متن تهذیب قلمی یک جلد

کرم احمد کے کتب خانے کی فہرست کا ایک صفحہ

## حواشی

۱۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: خان، پروفیسر محمد فاضل

۲۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: چغتائی، محمد اکرام (مرتب ومترجم)

۳۔ فضل امام خیر آبادی: فضل امام بن محمد ارشد بن محمد صالح بن عبدالواجد بن عبدالماجد بن قاضی صدرالدین خیر آبادی، خیر آباد میں پیدا ہوئے۔ مولوی سید عبدالواجد کرمانی خیر آبادی جو ملا وہاج الدین گوپاموی کے ارشد تلامذہ میں سے تھے، سے علوم عقلیہ ونقلیہ کی تحصیل کی۔ اجداد خیر آباد کے رہنے والے تھے مگر باپ دادا کی عمر دلی میں گزری نوعمری میں دلی آ گئے۔ تھے۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی طرف سے صدر الصدور کے عہدہ پر فائز ہوئے۔ مولانا صلاح الدین گوپاموی کے مرید وخلیفہ تھے۔ ملازمت کے فرائض کی ادائیگی کے ساتھ درس وتدریس شغل تھا۔ آپ کی تصانیف میں ترجمہ اتقان بزبان فارسی، تلخیص الشفا، حاشیہ میر زاہد ملا جلال، حاشیہ میر زاہد رسالہ، حاشیہ بر شرح سلم قاضی مبارک، شرح ابیات تفصیل، خلاصہ تاریخ ابن خلقان، نخبۃ السر، تفصیل، تعلیم المبتدئین، آمد نامہ وغیرہ ان کی تصانیف سے ہیں۔ ایک عرصہ بعد ترک ملازمت کر کے اپنے وطن مالوف چلے گئے اور وہیں ۵ ذی قعدہ ۱۲۴۴ھ میں انتقال کیا۔ مرزا غالب نے یہ تاریخ وفات کہی

| | |
|---|---|
| اے دریغا قبلہ ارباب فضل | کرد سوئے جنت الماوی خرام |
| چوں ارادت از پئے کسب شرف | جست سال فوت آں عالی مقام |
| چہرہء ہستی خراشیدم نخست | تا بناء تجزیہ گردد تمام |
| گفتم اندر سایہء لطف نبی | باد آرامش گہ فضل امام |
| ۲۵۷ | ۱۱۲۴۹-۵=۱۲۴۴ھ |

۴۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: (۱) رحمان علی، ص۱۶۲ (۲) عبدالحی، سید، جلد ۷ ص۴۱۲ (۳) بشیر الدین احمد، حصہ دوم ص ۴۱۵۔۴۱۴ (۴) علوی، محمد سعید الرحمن (مرتب)، ص ۳۷ (۵) خان، سید احمد، ص ۸۸۔۸۷ (۶) خان، عبدالقادر، جلد اول ص ۲۵۷۔۲۵۵ (۷) قرشی، افضل حق، ص۱۹۔۱۷ (۸) علوی، محمد سعید الرحمن ص۹۱۔۸۹

۵۔ مولانا محمد ارشد نے دو شادیاں کیں۔ زوجہء اولیٰ خاندان مفتیان لکھنؤ سے تھیں۔ ان سے احمد حسین میاں عرف فقیرا میاں صاحب زادے اور رحم النسا صاحب زادی ہوئیں۔ احمد حسین میاں کے صاحب زادے مولوی فضل احمد کے تین صاحب زادے تھے۔ (۱) منشی کرم احمد (۲) منشی حسن احمد۔ آپ مولوی عنایت احمد وکیل دہلی کے والد تھے۔ (۳) منشی حسین احمد۔ آپ نواب بشیر احمد مرحوم داماد ہز ہائنس نواب عظیم جاہ انتظام الملک بہادر سوم پرنس آف ارکاٹ (مدراس) کے والد تھے۔ دو صاحب زادیاں تھیں۔ ایک مولانا فضل امام خیر آبادی کی شریک حیات اور مولانا محمد عبدالحق کی والدہ ماجدہ تھیں۔ اور دوسری خان بہادر نواب

مظہر علی داماد ہز ہائنس پرنس آف ارکاٹ کی والدہ تھیں۔ مولانا محمد ارشد کی دوسری زوجہ سید محمد شکراللہ کی دختر تھیں جو فرزندانِ قطب وقت مخدوم اللہ دیا خیرآبادی سے تھے۔ ان سے حسب ذیل اولاد ہوئی۔ (۱) مولانا فضل امام (۲) مولوی محمد صالح (۳) بی بی عائشہ۔ ان بی بی احبہ کی صاحب زادی علیمہ حضرت شیخ وقت معشوق علی شاہ خیرآبادی کی زوجہ تھیں۔ اور صاحب زادے منشی برکت علی خان، مولانا قادر بخش برادر مولانا نبی بخش خیرآبادی کے خسر اور جنرل آکٹرلونی کے میر منشی تھے۔ مولوی محمد صالح کی صاحب زادی بی بی نعمت اور صاحب زادے مولوی الٰہی نازش خیرآبادی تھے۔ (شروانی، عبدالشاہد خان، حاشیہ ''الثورۃ الہندیہ'' ص ۶۹)

۶۔ شرف الدولہ؛ ان نام اور خطاب شرف الدولہ مظفر جنگ محمد ابراہیم خان بہادر مستقیم جنگ ہے۔ نواب ظہیر الدولہ کے حقیقی بھانجے تھے۔ دین دار اور نیک نام حکمران تھے۔ جب تک زندہ رہے لکھنؤ کے با اثر افراد میں شمار رہا۔ عہد محمد علی شاہ میں نواب ظہیر الدولہ نے انھیں حیدرآباد دکن سے بلوا کر داروغہ امارت ریذیڈنسی کیا۔ ان سے تمام اہل دربار موافق رہے۔ لکھنؤ کے با اثر افراد میں شمار رہا۔ عہد محمد علی شاہ میں نواب ظہیر الدولہ کے انتقال کے بعد بادشاہ نے اپنے فرزند ولی عہد امجد علی شاہ کا پیش دست و معتمد مقرر کر کے س ہزار روپیہ ماہوار کی تنخواہ سے سرفرازی بخشی۔ اپنے انتظام سے سلطنت کی لاکھوں روپے کی آمدنی بڑھا دی۔ ان کی لیاقت اور خوش کرداری سے جملہ ریذیڈنٹ صاحبان خوش تھے۔ واجد علی شاہ نے مرزا کیواں قدر کی ولی عہدی میں ان کو خلعت شاہانہ سے سرفراز کیا تھا۔ کرنل سلیمن نے جب ملکی بدنظمی دیکھی تو مہاراجہ دگبجے سنگھ کی معرفت نواب علی نقی خان کے پاس کہلا بھیجا ''مدار المہامی کا عہدہ اپنے نام ہی رکھو مگر کام نواب شرف الدولہ سے لیا کرو۔ وہ تمام کلیات و جزئیات پر حاوی ہیں اور تم کو کام کرنا نہیں آتا۔ وہ کام کریں گے تو ملک کو ترقی ہوگی اور ہم کو اطمنان رہے گا''۔ ۱۸۵۷ء میں جب تخت لکھنؤ پر برجیس قدر کو بٹھا دیا گیا اور حضرت محل مختار کل بنیں تو شرف الدولہ کو وزارت کے لیے مجبور کیا اور خلعت وزارت پیش کی گئی۔ جنرل اوٹرم نے نواب شرف الدولہ کی وساطت سے حضرت محل کو مصالحت پر آمادہ کرنا چاہا تھا جسے تلنگوں نے نہ مانا۔ لکھنؤ پر جب انگریز فوج نے بمباری کی تو یہ اپنی مستورات کے ہمراہ لکھنؤ سے نکلے۔ راستے میں تلنگوں نے گرفتار کر لیا اور حضرت عباس کی درگاہ میں قتل کر دیا۔ ان کی وفات ۲۱ شعبان ۱۲۷۴ھ بروز جمعہ ہوئی۔ شجاع لکھنوی نے یہ قطعہ تاریخ کہا۔

شرف الدولہ فلک مرتبہ ہم نام خلیل　　　صاحب خلق و حیا منصب فیاض و حلیم
شد بدرگاہ ضیا بار جناب عباس　　　شد قتیل ستم لشکرِ غدار و لئیم
ماند بے گور و کفن جسم شریفش بر خاک　　　شد رواں روح لطیفش سوئے فردوس نعیم
آرے آرے شہدا را ز عنایات خدا　　　کفن از حلہ بود غسل ز آبِ تسنیم
زمزم کعبہ ازیں واقعہ شد چشم پرآب　　　پشت محراب دوتا گشت ازیں رنج عظیم
بدلِ چاک رقم کرد شجاعت تاریخ　　　شد سیہ پوش حرم از المِ ابراہیم

۱۲۷۴ھ

(تفصیل کے لیے دیکھیے: سلیمانی، مظفر حسین خان، حاشیہ ص ۱۳-۱۶ (۲) کاکوروی، شیخ محمد عظمت علی، ص ۲۷۷، ۲۷۸، ۲۸۰ (۳) خان، سید محمد امیر علی، ص ۸۰-۸۱ (۴) حیدر، سید کمال الدین، ص ۳۶۸، ۳۶۵، ۳۶۱)

۷۔ نام وخطاب نجم الدولہ ابوالمظفر ثریا جاہ سپہر شکوہ صاحب عالم ولی عہد میرزا محمد امجد علی بہادر تھا۔ ۴۳ سال کی عمر میں ۵ ربیع الثانی بروز سہ شنبہ ۱۲۵۸ھ کو تخت نشین ہوئے۔ نجم الغنی نے غلطی سے تخت نشینی کو تاریخ ۱۱۵۸ھ لکھ دی ہے۔ تقریباً پانچ سال حکومت کر کے ۲۶ صفر ۱۲۶۳ھ مطابق ۱۳ فروری ۱۸۴۷ء کو سنیچر کے روز اڑتالیس برس پانچ مہینے بارہ دن کی عمر میں وفات پائی اور ''جنت مکاں'' کہلائے۔ مرنے سے کئی روز قبل پشت پر دانہ نکل آیا تھا۔ کافی علاج کرایا افاقہ نہ ہوا اور کئی روز علالت کے بعد انتقال ہوا۔ (تفصیل کے لیے دیکھیے: (۱) خان، سید محمد امیر علی، ص ۸۹ (۲) تمنا، رام سہائے، ص ۴۰۔۳۹ (۳) نجم الغنی، ص ۴۰۔۲۰)

۸۔ سر ڈیوڈ برونٹ آکٹرلونی؛ سر ڈیوڈ برونٹ آکٹرلونی، ڈیوڈ آکٹرلونی کا بیٹا تھا۔ ۱۲ فروری ۱۷۵۸ء میں پیدا ہوا۔ ۱۷۷۷ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی بنگال کی ملازمت اختیار کی۔ ۸۳۔۱۷۸۱ء تک کرنل ٹی ڈی پیرز فورس میں خدمت سرانجام دی۔ ۱۷۸۳ء میں کوڈ الور میں قید ہو گئے اور ۱۷۸۴ء میں آزاد ہوئے۔ لیک کے ماتحت ۱۸۰۳ء مس دوبے میں ایک رجمنٹ کی کمانڈ کی۔ شاہ عالم بادشاہ نے نصیر الدولہ معز الملک وفادار خان بہادر ظفر جنگ کا خطاب دیا۔ کول علی گڑھ، دہلی میں ڈی اے جی رہے۔ ۱۸۰۳ء دہلی کے ریزیڈنٹ بنائے گئے۔ ۱۸۰۴ء ہلکر کے حملے کے دوران انھوں نے دہلی کا دفاع کیا۔ ۱۸۰۶ء الہ آباد میں کمانڈ کیا۔ ۱۸۰۸ء میں ستلج کی مہم میں رنجیت سنگھ کے خلاف کمان کی۔ ۱۸۱۴ء میں میجر جنرل ہوئے۔ ۱۵۔۱۸۱۴ء میں نیپال میں آرمی کی کمانڈ کی۔ مالوا اور راجپوتانے میں بھی ریزیڈنٹ رہے۔ ۱۸۱۸ء راجپوتانے میں ریذیڈنٹ مقرر ہوئے۔ سر سید احمد خان کے نانا دبیر الدولہ سے آکٹرلونی کے بہت اچھے تعلقات تھے۔ ۱۵ جولائی ۱۸۲۵ء میں ریٹائرمنٹ کے بعد اپنے علاج سے مایوس ہو کر میرٹھ میں وفات پائی۔ (۱) بک لینڈ، سی۔ ای، ص ۳۲۱ (۲) خان، عبدالقادر، جلد اول ص ۱۹۳)

۹۔ خان، عبدالقادر، جلد دوم ص ۲۷

۱۰۔ ویلدر اسسٹنٹ کلکٹر مراد آباد تھے۔ پانی پت، کرنال، جودھپور، دہلی، شاہجہان آباد، گوہانہ اور دوسرے علاقوں میں اپنے انتظامی فرائض سرانجام دیتے رہے۔ مولوی عبدالقادر رامپوری نے اپنے وقائع 'عبدالقادر خانی' میں کئی مقامات پر ویلدر کا تذکرہ کیا ہے۔ مولوی عبدالقادر مراد آباد میں صدر الصدور رہے۔ ان کو پہلے پہل ملازمت ویلدر ہی کی وجہ سے ملی۔ (دیکھیے: خان، عبدالقادر، جلد اول و دوم)

۱۱۔ خان، عبدالقادر، جلد دوم ص ۷۵۔۷۴

۱۲۔ تفصیل کے لیے دیکھیے: تجاروی، محمد مشتاق، ص ۲۲۴؛ نجم الغنی، جلد اول، ص ۳۷۲۔۳۶۸؛ خان، عبدالقادر حصہ اول ۳۱۶۔۳۱۸

۱۳۔ اس مجموعے کی تفصیل کے لیے دیکھیے؛ عقیل، ڈاکٹر معین الدین، ص ۱۶۔۹

۱۴۔ دیکھیے: (۱) شروانی، عبدالشاہد خان، حاشیہ الثورۃ الہندیہ ص ۷۰ (۲) شہابی، مفتی انتظام اللہ شہابی، ''مشمولہ'' علامہ فضل حق خیر آبادی اور جہاد آزادی'' ص ۳۷

# فہرستِ اسنادِ محولہ


۱۔ بک لینڈ، سی۔اے، ۱۹۰۶ء ''ڈکشنری آف انڈین بائیوگرافی''، لندن

۲۔ تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند جلد دوم، پنجاب یونیورسٹی لاہور، ۱۹۷۲ء

۳۔ تجاروی، محمد مشتاق جنوری ۱۹۹۸ء ''راؤ بنے سنگھ''، مشمولہ غالب نامہ، انجمن ترقی اردو ہند، نئی دہلی

۴۔ تمنا، رام سہائے، ۱۸۷۶ء ''احسن التواریخ یعنی تاریخ صوبہ اودھ''، مطبع تمنائی،

۵۔ چغتائی، محمد اکرام (مترجم و مرتب) شاہانِ اودھ کے کتب خانے، انجمن ترقی اردو، کراچی، ۱۹۷۳ء

۶۔ حیدر، سید کمال الدین معروف بہ سید محمد میرزا ئر، ۱۸۹۶ء ''سوانحات اودھ معروف بہ تواریخ اودھ''، مطبع منشی نول کشور، لکھنؤ،

۷۔ خان، پروفیسر محمد فاضل، ۱۹۸۸ء ''کتب خانوں کی تاریخ عہد قدیم سے عہد مغلیہ تک''، بیکن بکس ملتان

۸۔ خان، سید احمد، ۲۰۰۳ء ''آثار الصنادید'' مرتبہ خلیق انجم قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی

۹۔ خان، عبدالقادر، ۱۹۶۰ء ''وقائع عبدالقادر خانی معروف بہ علم و عمل'' جلد اول و دوم، مترجم معین الدین مرتبہ ایوب قادری ایجوکیشنل پریس، کراچی،

۱۰۔ خان، سید محمد امیر علی، وزیر نامہ، مطبع نظامی پریس کانپور، ۱۲۹۳ھ

۱۱۔ خیرآبادی، فضل حق، ۱۹۷۴ء ''الثورۃ الہندیہ''، مرتبہ عبدالشاہد خان شروانی، مکتبہ قادریہ، لاہور، دوم

۱۲۔ رحمان علی، ۱۹۱۴ء ''تذکرہ علمائے ہند''، منشی نول کشور، لکھنؤ،

۱۳۔ سلیمانی، مظفر حسین خان، چمنستان مظفر، مسلم یونیورسٹی علی گڑھ، ۱۹۲۷ء

۱۴۔ عقیل، ڈاکٹر معین الدین، جولائی دسمبر ۲۰۰۷ء ''شاہ عبدالعزیز کا ذوق ادب''، بازیافت (۱۱)

۱۵۔ علوی، محمد سعید الرحمن (مرتب) علامہ فضل حق خیرآبادی اور جہادِ آزادی، سنی پبلی کیشنز لاہور، ۱۹۸۷ء

۱۶۔ قریشی، افضل حق (مرتب) مولانا فضل حق خیرآبادی ایک تحقیقی مطالعہ، الفیصل، لاہور، ۱۹۹۲ء

۱۷۔ کاکوروی، شیخ محمد عظمت علی، ۱۹۸۶ء ''تواریخ ملک اودھ مسمیٰ بہ مرقع خسروی''، مرتبہ ڈاکٹر ذکی کاکوروی، نظامی پریس، لکھنؤ،

۱۸۔ نجم الغنی، وقائع راجھستان جلد اول، ہمدم برقی پریس، لکھنؤ ۱۹۲۷ء


---


**Abstract**

*This article is based on an introduction of a MS of a descriptive*

*catalogue of a personal library of a noble man Karam Ahmed of Dehli, possessed by International Institute of Islamic Civilization and Thought Kuala Lumpur, Malaysia. It contains a list of MSS. and printed books on various topics including religious literature, Quran,*

*Quranic exigencies, Hadith, Fiqh, Sufism, language and literature in Urdu, Persian and Arabic. The original catalogue was compiled by an anonymous person. The present writer has edited the list and wrote necessary annotations.*